بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہاتھوں اور منہ پر ویسلین (Vaseline) لگے ہونے کی حالت میں وضو کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

ہاتھوں اور منہ پر ویسلین (Vaseline) لگی ہو تو وضو ہو جائے گا؟

جواب

جی ہاں! ہاتھوں اور منہ پر ویسلین لگی ہو تو وضو ہو جائے گا، کیونکہ عموماً یہ جرم دار نہیں ہوتی، بلکہ اس میں صرف چکناہٹ ہوتی ہے، جو پانی جِلد تک پہنچنے میں رکاوٹ نہیں بنتی۔

چکناہٹ والی چیزیں پانی کے بدن تک پہنچنے سے مانع نہیں۔ چنانچہ درِمختار میں ہے"(ولا یمنع) الطھارۃ---(درن)---وکذادھن و دسومۃ"ترجمہ: میل اور اسی طرح تیل اور چکنائی طہارت سے مانع نہیں۔ (درِمختار مع ردالمحتار، جلد2، صفحہ316، مطبوعہ: کوئٹہ)

مراقی الفلاح میں ہے"ان بقاء دسومۃ الزیت ونحوہ لا یمنع لعدم الحائل"ترجمہ: تیل کی چکناہٹ اور اس کی مثل دیگر اشیاء کا باقی رہنا، پانی کے جسم تک پہنچنے میں رکاوٹ نہ ہونے کی وجہ سے وضو سے مانع نہیں۔ (نورالایضاح مع مراقی الفلاح، صفحہ48، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد فرحان افضل عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4769

تاریخ اجراء: 06رمضان المبارک1447ھ/24فروری2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net